اخبار الوفاق

محمد سیف اللہ نوید
معاون ناظم مرکزی دفتر وفاق

قائم مقام صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب کی تشریف آوری:

''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' کے سالانہ امتحانات 24 تا 29 رجب المرجب 1438ھ مطابق 22 تا 27 اپریل 2017ء بروز ہفتہ تا جمعرات منعقد ہوئے ، جس کی جوابی کاپیوں کی مارکنگ کا عمل 4 شعبان المعظم 1438 مطابق یکم مئی 2017ء بروز پیر جامعہ خیر المدارس ملتان میں شروع ہوکر 13 مئی بروز ہفتہ مکمل ہوا۔ مارکنگ کے آغاز کے موقع پر قائم مقام صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے ممتحنین، ممتحنین اعلیٰ اور امتحانی کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کی صدارت فرمائی اور اس موقع پر جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال سے متعلق ہدایات دیں۔ انہوں نے فرمایا وفاق سے جتنے لوگ منسلک ہیں وہ سب سعادت مند ہیں یہ علماء کی جماعت ہے۔ اسکا کام دین کی حفاظت کرنا اور اسے لوگوں تک پہنچانا ہے۔ اس کے ساتھ ہم اپنی نیت کی تجدید بھی کرتے رہیں۔ جتنی نیت صاف ہوگی اتنا ہی اجر زیادہ ملے گا۔ یہ معمولی کام نہیں ہے بلکہ ایک اہم عبادت ہے۔ تمام حضرات خوش اسلوبی سے اپنا کام سرانجام دیں۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند ہے کہ جو کام کرو خوش اسلوبی سے کرو اور اچھی طرح مکمل کرو۔

نائب صدر وفاق حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم کی تشریف آوری:

سالانہ امتحان کی جوابی کاپیوں کی جانچ پڑتال کے دوران 12 شعبان المعظم 1438ھ کو نائب صدر وفاق حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ تشریف لائے ، انہوں تین دن دفتر وفاق میں قیام فرمایا اور یومیہ امتحانی کمیٹی اور ممتحنین اعلیٰ کے مشترکہ اجلاسوں کی صدارت اور مارکنگ کے عمل کی نگرانی فرماتے رہے، انہوں نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ آپ حضرات اس حساس کام کو ذمہ داری سے انجام دے رہے ہیں، اپنے کاموں کو چھوڑ کر آئے ہیں۔ یہ آپ کی مساعی اور اللہ کے انعام کا نتیجہ ہے کہ وفاق عالمی سطح پر مقام حاصل کر چکا ہے۔ عصری بورڈ ڈویژن سطح کے ہوتے ہیں جبکہ آپ کا بورڈ عالمی سطح کا ہے، تین لاکھ سے زائد طلبہ وطالبات نے امتحان دیا، وفاق کے لئے خدمات انجام دینے والے قابل قدر ہیں۔ ہمارے اکابرین کی قربانیاں ہیں، ان کے اخلاص کی وجہ سے آج وفاق پوری دنیا میں ایسا بورڈ ہے جس کی دنیا میں مثال نہیں۔۔ 14 شعبان المعظم کو حضرت واپس تشریف لے گئے۔

کے، پی، کے اسمبلی میں ۱۸۶۰ کے سوسائٹی ایکٹ کے ترمیمی بل کو مسترد کرتے ہیں:

ملتان (11-05-2017) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائم مقام صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق

اسکندر، نائب صدر مولانا محمد انوار الحق، جنرل سیکٹری مولانا محمد حنیف جالندھری، ناظم صوبہ خیبر پختونخوا مولانا حسین احمد صاحب اور دیگر قائدین وفاق المدارس نے اپنے مشترکہ بیان میں کے پی کے اسمبلی میں ۱۸۶۰ کے سوسائٹی ایکٹ کے ترمیمی بل کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ بل دینی مدارس کی آزادی، حریت اور خودمختاری کے خلاف ہے۔ اس میں رجسٹرار کو غیر معمولی اختیار دیتے ہوئے اسے مدارس دینیہ کے اندرونی معاملات میں بے جا دخیل ہونے اور مدارس کی خودمختاری کو پامال کرنے کی چھوٹ دی گئی ہے، جو بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے، وفاق المدارس العربیہ کی قیادت نے کہا کہ ہم اس بل کو مسترد کرتے ہیں، اور اسے کسی بھی طرح قانون کا حصہ بنانے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے بھرپور جدوجہد کریں گے، انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں جلد تمام مکاتب فکر کے مدارس کی مشترکہ تنظیم اتحاد تنظیمات مدارس کا اجلاس بلا کر لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

حضرت مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملے کی مذمت:

اسلام آباد (12-05-2017) مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے، مولانا حیدری پر حملہ اسلام اور پاکستان دشمن عناصر کی کاروائی ہے، آزمائش کی اس گھڑی میں مولانا حیدری، ان کے خاندان اور جمعیت علماء اسلام کے ساتھ ہیں، تخریبی قوتیں اس قسم کی اوچھی حرکتوں کے ذریعے علماء اہل حق کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، حملے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا انوار الحق اور دیگر نے مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر ہونے والے بزدلانہ حملے پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا عبدالغفور حیدری پر حملہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے کہا کہ مولانا جس منصب پر فائز ہیں اس کے حوالے سے مولانا پر حملہ ریاست پاکستان پر حملہ ہے حکومت وقت کو اس کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے اور اس حملے میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے کیفر کردار تک پہنچانا چاہیے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے اس سانحہ میں شہید ہونے والوں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعاوں کی اپیل بھی کی۔

فوج کے اعلیٰ افسران سے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے وفد کی ملاقات:

22 اپریل 2017ء کو وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم کی سربراہی میں مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہم، چاروں صوبائی ناظمین اور مجلس عاملہ کے اراکین پر مشتمل وفد کی فوج کے اعلیٰ افسران سے اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔ جس میں حضرت ناظم اعلیٰ نے فکر انگیز گفتگو فرمائی، جو کہ اس شمارے میں شامل ہے۔